# 4021 ـ مردوں کا پلاٹین کی انگوٹھی پہنا

**سوال**

کیا مرد کے لیے پلاٹین کی بنی ہوئی انگوٹھی پہننا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

یہ دو شرطوں کے ساتھ مشروط ہے:

پہلی شرط:

اس میں اسراف اور فضول خرچی نہ ہو، وہ اس طرح کہ مرد اس طرح کا لباس پہننے کا اہل ہی نہ ہو اور وہ اسے پہنے.

دوسری شرط:

اس سے فتنہ و خرابی پیدا نہ ہو، مثلا وہ نوجوان ہو اور اس سے لوگوں کو فتنہ میں پڑنے کا خدشہ ہو.

یہ اس لیے کہ لباس میں اصل تو اباحت ہی ہے، صرف سونے کی انگوٹھی مرد کے لیے پہننا حرام ہے، اور یہ چیز معروف بھی ہے.